
دستور العمل

بزم اقبال نئی دہلی



میری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ * کہ میں ہوں محرم راز درون میخانہ
کلی کو دیکھ کہ ہے تشنۂ نسیم سحر * اسی میں ہے میرے دل کا تمام افسانہ

اقبال

کی حق سے فرشتوں نے اقبال کی غمازی

گستاخ ہے کرتا ہے فطرت کی حنا بندی!

خاکی ہے مگر اس کے انداز ہیں افلاکی

رومی ہے نہ شامی ہے کاشی نہ سمرقندی!

سکھلائی فرشتوں کو آدم کی تڑپ اس نے

آدم کو سکھاتا ہے آدابِ خداوندی!

اقبال

بزمِ اقبال نئی دہلی

(ا) اس انجمن کا نام بزمِ اقبال ہوگا

(ب) اسکا صدر دفتر نئی دہلی میں ہوگا۔

(ج) اِس بزم کو سیاسی، مذہبی اور فرقہ وارانہ تعصبات و مناقشات سے کوئی تعلق نہ ہوگا

(د) ادبی ذوق اور بزم کے اغراض و مقاصد سے ہمدردی رکھنے والی خواتین بھی اس بزم کی رکن ہو سکیں گی +

(ہ) اِس بزم کی کارروائی اُردو میں ہوگی +

اغراض و مقاصد

۱۔ علامہ ڈاکٹر سر محمدؐ اقبال مرحوم کے خیالات اور انکی تعلیمات کی نشر و اشاعت۔

۲۔ مشرقی ادبیات اور مشرقی فلسفۂ حیات کو بوجہ احسن دنیا کے سامنے پیش کرنا۔

۳۔ علامہ اقبال مرحوم کی ایک مناسب یادگار قایم کرنا۔

۴۔ اراکین بزم میں بالخصوص اور پبلک میں بالعموم صحیح علمی و ادبی ذوق پیدا کرنا

بزم کی رُکنیت

ارکانِ بزم حسب ذیل ہوں گے۔

سرپرست۔ اعزازی۔ امتیازی۔ عام

سرپرست۔ وہ ذی علم معزز حضرات ہوں گے جو بزم کے مقاصد سے ہمدردی رکھتے ہوئے مبلغ ۵۰ روپیہ انجمن کو عطا فرمائیں گے۔

اعزازی ارکین وہ ادب نواز حضرات ہوں گے جو دہلی میں قیام نہیں رکھتے لیکن جنہیں دوسرے ارکین بزم کیطرح انجمن کے اغراض و مقاصد سے ہمدردی ہے جو قلبی معاونت کے علاوہ بزم کی فلاح و بہبود میں بیرو نجات میں خاص دلچسپی لیں گے فیس داخلہ اور کسی قسم کا چندہ انہیں ادا نہیں کرنا ہوگا۔

امتیازی ارکین وہ حضرات ہوں گے جو ایک روپیہ داخلہ اور عنلہ روپیہ سالانہ چندہ بزم کو عطا فرمائیں گے۔

عام ارکین وہ حضرات ہوں گے جو بزم کو ایک روپیہ ~~سالانہ~~ داخلہ اور دو۲ روپیہ سالانہ چندہ عنایت فرمائیں گے۔

نوٹ:۔ اگر کوئی رُکن بزم اپنا سالانہ چندہ ۳۱ رمارچ تک ادا نہیں کریگا تو مجلس عاملہ کی منظوری سے رُکن مذکور کو حق رائے دہندگی سے محروم کیا جائے گا اور اگر دسمبر تک چندہ کی ادائگی

نہ ہوگی تو مجلس عاملہ اگر مناسب خیال کریگی تو اخراج نام کے لیے رپورٹ کر سکتی ہے۔
نوٹ ۲۔ ہر خارج شدہ ممبر کو سابقہ مطالبہ کی ادائیگی پر مجلس عاملہ دوبارہ رُکن قرار دے سکتی ہے
اس صورت میں فارم داخلہ کی تجدید ضروری ہے۔

ضابطہ کارروائی

۱۔ بزم کا اجلاس عام عموماً ہر ماہ ہوگا جسکا نوٹس کم از کم ایک ہفتہ پہلے جاری کیا جائیگا لیکن فوری ضرورت کے تحت میں صاحبِ صدر ۲۴ گھنٹے کے نوٹس پر اجلاس عام منعقد کرانے کے مجاز ہوں گے۔

۲۔ بزم کے اجلاس عام میں اراکین بزم کے علاوہ دیگر حضرات بھی شریک ہو سکیں گے۔ لیکن بزم کے نظم و نسق اور اجلاس کی کارروائی میں دخل دینے کا نہیں کوئی حق نہیں ہوگا

۳۔ اجلاس عام کا کورم اراکین کی ⅓ تعداد سے پورا ہوگا۔

۴۔ جب کوئی جلسہ کورم پورا نہ ہونیکی وجہ سے ملتوی کیا جائے گا تو ملتوی شدہ اجلاس کے انعقاد کے لیے مذکورہ کورم کی قید نہ ہوگی۔

۵۔ بزم کے اجلاس عام کا فیصلہ کثرت رائے سے ہوگا

۶۔ بزم کا اجلاس عام اگر کسی امر کو مجلس عاملہ کے سپرد کریگا تو اس صورت میں مجلس عاملہ کا فیصلہ قطعی ہوگا۔ مگر مجلس عاملہ کو بغرض اطلاع اپنا فیصلہ اجلاس عام میں پیش کرنا ہوگا

مالیات بزم

۱۔ بزم کی کُل آمدنی "بزم اقبال نئی دہلی" کے نام اور سکریٹری کے دستخطوں سے کسی معتبر بنک میں جمع کیجائیگی اور اخراجات بزم کے لیئے بنک سے روپیہ برآمد کرنیکی صورت میں صدر اور سکریٹری صاحبان دونوں کے دستخط ضروری ہوں گے۔

۲۔ امین کے تحت میں اسقدر رقم رکھی جائیگی جو بزم کے ایک ماہ کے اخراجات کے لیئے عام طور پر کافی ہو سکے۔

۳۔ بزم کی آمدنی بزم کے اغراض و مقاصد کے سوا کسی اور کام پر صَرف نہ ہو گی۔

سوسائٹی کے عہدہ دار

سوسائٹی کے عہدہ دار حسب ذیل ہوں گے۔

(۱) صدر (۲) نائب صدر (۳) سکریٹری (۴) نائب سکریٹری (۵) امین

انتخاب عہدہ داران مذکورۂ بالا عہدہ داران کا انتخاب ہر سال بزم اقبال کے اجلاس عام میں بشرائط ذیل کیا جائے گا۔

۱۔ ہر رائے دہندہ کے لیئے ضروری ہے کہ وہ تین ماہ پیشتر سے سوسائٹی کا ممبر ہو۔

۲۔ رائے دہندہ کو ایسے شخص کے حق میں رائے دینا ہو گی جو سوسائٹی کا کم از کم ۳ ماہ پیشتر سے ممبر ہو اور بزم کا کسی قسم کا مطالبہ اُسکے ذمہ باقی نہ ہو۔

۲۔ اجلاس عام میں صدر اور نائب صدر کی عدم موجودگی میں حاضرین جلسہ اس مجلس کے لیے صدر منتخب کرسکیں گے صدر اور نائب صدر کا انتخاب امتیازی اراکین میں سے ہوگا۔

مجلس عامہ ۔ ۱۔ بزم سوسائٹی کے جملہ اراکین پر مشتمل ہوگی۔

۲۔ مجلس عامہ بصورت ضرورت کوئی جدید عہدہ اضافہ کرسکتی ہے۔

۳۔ مجلس عامہ ہر ایسے رُکن یا عہدہ دار کو نام جو بزم کے وقار کے خلاف ثابت ہو یا اس سے سوسائٹی کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو، خارج کرسکتی ہے۔

۴۔ مجلس عامہ قواعد ہذا میں بشرطِ ضرورت ترمیم و تنسیخ کرنے کی مجاز ہے۔

مجلس عاملہ ۱۔ مجلس عاملہ میں عہدہ داران کے علاوہ دس اراکین اور ہوں گے۔

۲۔ اراکین کا انتخاب ہر سال ماہ اپریل میں سوسائٹی کے اجلاس عام میں ایکسال کیلئے کیا جائیگا

۳۔ یہ مجلس بزم کی سب سے زیادہ ذمہ دار اور با اختیار مجلس ہوگی۔

۴۔ مجلس عاملہ حسب ضرورت اپنے اجلاس منعقد کرنیکی مجاز ہوگی لیکن ہر جلسہ کا نوٹس کم از کم چار دن پیشتر جاری کیا جانا ضروری ہوگا، فوری ضرورت کیحالت میں صرف ایک دن کے نوٹس پر اجلاس منعقد کیا جاسکتا ہے

۵۔ مجلس عاملہ کو اختیار ہوگا بزم کا روپیہ جمع کرانے کے لیئے کسی مناسب بنک کا انتخاب کرے۔

۴۔ مجلس عاملہ کا کورم سات اراکین پر مشتمل ہوگا لیکن اگر مجلس عاملہ کا کوئی جلسہ بوجہ کورم پورا نہ ہونے ملتوی ہو جائیگا تو اس ملتوی شدہ جلسہ کے انعقاد کے لیئے مذکورہ بالا کورم کی قید نہ ہوگی لیکن صرف صدر اور نائب صدر کی موجودگی سے ملتوی شدہ جلسہ کی تعریف اسپر عاید نہ ہوگی۔

(٧) عام طور پر جلسہ میں صرف وہی اُمور جو ایجنڈا میں درج ہوں گے زیرِ بحث آسکتے ہیں مگر خاص ضرورت کے ماتحت باجازت صدرِ جلسہ کوئی اہم وجدید مسئلہ مجلس عاملہ کے سامنے پیش کیا جا سکتا ہے۔

(٨) بہ استثنیٰ عہدہ داران مجلسِ عاملہ کسی ایسے رُکن کو بزم کی رکنیت سے بمنظوری مجلس عاملہ خارج کر سکے گی جو مسلسل پانچ جلسوں میں شرکت نہ کرے۔

(٩) مجلس عاملہ سکریٹری کی رپورٹ اور امین اور نائب صدر کی سفارش پر ایسی رقوم کو جو ناقابلِ وصول ہوں معاف اور خارج کر سکتی ہے۔

(١٠) مجلسِ عاملہ حسبِ ضرورت تنخواہ دار ملازم رکھنے اور انکی ترقی وتنزل اور جرمانہ کرنیکی مجاز ہوگی

(١١) مجلس عاملہ امداد و مصارف کا ماہانہ حساب اور جلسوں کی کارروائی کی مفصل رپورٹ رکھنے اور انکو عام جلسوں میں پیش کرنیکی ذمہ دار ہوگی۔

(١٢) مجلسِ عاملہ اپنے تحت میں حسبِ ضرورت سب کمیٹیاں اور اُنکے ممبر اور دستور العمل مرتب و نافذ کرنے کی مجاز ہوگی۔ اور ان کمیٹیوں کے کام کی ذمہ دار و نگراں ہوگی۔

(١٣) مجلسِ عاملہ کی کوئی کارروائی اُسوقت تک قابلِ نفاذ نہ ہوگی جبتک اسپر صدر جلسہ اور سکریٹری کی دستخط نہ ہو جائیں

(١٤) سکریٹری کی عدم موجودگی میں مجلس عاملہ میں تین ممبروں کی رائے سے اجلاس طلب کر سکتی ہے

(١٥) مجلس عاملہ میں مستقل صدر اور نائب صدر کی عدم موجودگی میں اراکین موجودہ میں سے ایک صاحب کو اس مجلس کے لیئے صدر منتخب کیا جا سکتا ہے۔

فرائض واختیارات صدر (١) بزم کے نظم ونسق کو قایم رکھنا۔

(۲) بزم کی آمدنی اور خرچ کی نگرانی کرنا۔

(۳) صدر فوری ضرورت کے لیے اپنے اختیارات خصوصی سے بزم کے سرمایہ محفوظ میں سے مبلغ عہ ۲۵ ؍ تک بزم کے مفاد کے لیے خرچ کرسکتا ہے جسکی اطلاع مجلسِ عاملہ کو کرنی ہوگی۔

(۴) صدر کو فوری اجلاس طلب کرنے اور ملتوی کرنے کے علاوہ جلسہ کو بصورتِ خاص ملتوی کرنے اور کسی مقرر کی تقریر کو روک دینے کا اختیار ہے۔

۵۔ ہر قسم کے کاغذات گوشوارہ آمد و مصارف و روئداد جلسہ پر دستخط کرنا صدر کا فرض ہے۔

فرائض و اختیارات نائب صدر ۔ صدر کی عدم موجودگی میں اسکے جملہ فرائض و اختیارات نائب صدر کو حاصل ہونگے

فرائض و اختیارات سکریٹری (۱) ہر جلسہ کی کارروائی قلمبند کرکے آئندہ جلسہ میں پوری روئداد پیش کرنا

(۲) آمد و مصارف کا باقاعدہ حساب رکھنا اور اسکی سالانہ پڑتال کرانا، کاغذات کی ترتیب اور دفتر کا انتظام۔

(۳) کارکنان بزم کے کام کی تقسیم اور انکی نگرانی کرنا نیز ضروری ہدایات دینا۔

(۴) سکریٹری مناسب اخراجات کیواسطے حسبِ ضرورت بذریعہ رسید طلبی جسپر صدر یا نائب صدر کے دستخط ضروری ہیں امین سے روپیہ منگانے کا مجاز ہے۔

۵۔ سکریٹری بوقتِ ضرورت برائے مفاد بزم مبلغ عہ ۱۰ روپیہ تک صرف کرنیکا مجاز ہے جسکی اطلاع مجلس عاملہ کو پہلے اجلاس میں پیش کرنی ہوگی۔

۶۔ سکریٹری عطیہ و چندہ رسید دے کر وصول کریگا جسکا اندراج اسی روز کرنا ضروری ہے۔

۷۔ سکریٹری بزم کے دفتر کے متعلق ہر قسم کے استفسارات کے جواب دینے کا ذمہ دار ہے۔

۸۔ ہر ماہ کے اختتام پر آمد و مصارف کا گوشوارہ مجلس عاملہ کے روبرو پیش کرنا لازمی ہوگا اور بعد منظوری مجلس عاملہ جملہ کارروائی کی رپورٹ جلسہ عام میں پیش کرنی ہوگی۔

۹۔ سکریٹری مجاز ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری پر علاوہ جائنٹ سکریٹری کے کسی دیگر رکن سے جسکی وہ ضرورت سمجھے اپنے کام میں امداد لے اسکی اطلاع مجلس عاملہ کو دینی ہوگی

۱۰۔ سکریٹری کو لازم ہے کہ وہ ہر روز کی آمدنی بذریعہ چالان امین کی تحویل میں دیدے۔

۱۱۔ وقتاً فوقتاً جو تجاویز مجلس عاملہ منظور کرے اسکی بجاآوری سکریٹری کے ذمہ ہوگی۔

فرائض واختیارات نائب سکریٹری ۔ سکریٹری کی عدم موجودگی میں اسسٹنٹ سکریٹری سکریٹری کے جملہ فرائض انجام دیگا۔

فرائض و اختیارات امین ۔ امین کو لازم ہے کہ وہ اپنے پاس ہر وقت مبلغ عـ۵ روپیہ رکھکر باقی رقم کو اس بنک میں جسکو مجلس عاملہ تجویز کرے بزم کے نام جمع کرادے اور پاس تک اپنی تحویل میں رکھے بصورت خیانت انجمن کو حق حاصل ہو کہ وہ امین سے یا اسکی جائداد منقولہ اور غیر منقولہ و وارثان قائمقامان سے قانونی چارہ جوئی کرکے اپنی رقم وصول کرے۔

(۲) امین اپنے رجسٹر میں روزانہ روپیہ کی آمد و برآمد کا حساب درج کرے جس پر سکریٹری کے ہفتہ وار اور اختتام ماہ پر صدر کے دستخط کرانے ضروری ہوں گے۔

(۳) رسید برآمدگی لہٰذا امین پر دستخط سکریٹری اور نائب صدر ہونے ضروری ہیں امین کا فرض ہے کہ ہر رسید برآمدگی پیش ہونے پر روپیہ مطلوبہ فوراً ادا کردے۔ (۴) بنک سے برآمدگی پر صرف سکریٹری اور امین کے دستخط ہونگے

آڈٹ ہر سال کے اختتام پر انجمن کے مقرر شدہ اڈیٹر سے آمد و خرچ کی پڑتال کرانے کے بعد حسابات جلسہ عام میں پیش کیئے جائینگے۔

عہدیداران بزم

صدر۔ جناب شیخ سراج الدین صاحب آذر ایم۔اے۔ ایم۔او۔ایل۔پی،ای،ایس
فیلو پنجاب یونیورسٹی انسپکٹر مدارس صوبہ دہلی۔

نائب صدر۔ جناب منظور حسن صاحب نامی ایم۔اے طبیہ کالج دہلی۔

سکرٹری۔ جناب بشیر احمد صاحب بشیر۔

نائب سکرٹریان (۱) جناب سید احسن صاحب مارہروی ایم۔اے۔
(۲) جناب فضل محمد ازہر۔

امین۔ جناب بابو منوہر لال صاحب ہادی۔

ارکان مجلس عاملہ

(۱) ابوالفخر علامہ قابل (۲) جناب ہدایت محسنی صاحب ایم۔اے

(۳) جناب سیّد فرید جعفری صاحب (۴) جناب سید محمد حسن صاحب محسن اعظم گڈھی۔

(۵) جناب سیّد تنویر علی صاحب (۶) جناب صادق مرزا صاحب صادق دہلوی۔

(۷) حکیم ڈاکٹر جناب شیخ محمد سعید صاحب (۸) حکیم ڈاکٹر جناب مرزا عبدالمنان صاحب دلبر۔

(۹) جناب سلطان مرزا صاحب سلطان دہلوی (۱۰) جناب بابو نفیس احمد صاحب۔

عمر ہا در کعبہ و بت خانہ می نالد حیات
تا ز بزمِ عشق یک دانائے راز آید بروں

اقبال نے ساری دنیا کے لئے ایک نیا پیغام دیا ہے۔ اس کی شاعری بنی نوع انسان کے لئے نوید عمل و کامیابی ہے۔ بالخصوص موجودہ زمانے میں نونہالان ملک کے لئے اس کا عزم افزا نغمہ اس قدر موزوں ہے کہ جس قدر بھی اس کی اشاعت و تبلیغ کیجائے کم ہے۔

سر اکبر حیدری

جب آج کی بہت پریشان کن مشکلات طے ہو جائیں گی اور آج کی بہت سی باتیں لوگ بھول جائیں گے اسوقت سر محمد اقبال کے اشعار ہندوستان کو جگاتے رہیں گے۔

بابو راجندر پرشاد

اقبال نے ہمیں آزادئ فکر اور خود اعتمادی سکھائی اور ایسے توہمات کو توڑا جو گھن کی طرح ہماری قوم کو اندر ہی اندر کھائے جا رہے تھے۔ اسکا کلام اردو زبان میں ہمیشہ زندہ رہے گا کیونکہ اس نے مردہ دلوں کو زندہ کیا ہے۔

مولوی عبد الحق

جید برقی پریس بلیماران دہلی